سوال

(379) سالانہ رقم پر کھیت پیداوار کے لئے دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید نے اپنا کھیت بکر کو اس شرط پر دیا۔ اس کی پیداوار سود وزیاں سے کچھ سروکار نہیں مگر ہم کو سالانہ اتنا پیسہ دے دے۔ آیا ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ کرایہ اراضی کی صورت ہے جو جائز ہے حدیثوں میں اس کا جواز آیا ہے۔ (اہلحدیث 3 جمادی الاول 1342 ہجری)

تشریح

اراضی کو روپے پیسے کے عوض کرایہ پر اٹھانے کی حدیث سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت ہے بروایت مسند احمد وغیرہ نیل لاوطار جلد 5 ص 236 پر موجود ہے۔ (مولف)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 357

محدث فتویٰ